# BOARD OF INTERMEDIATE AND SECONDARY EDUCATION ABBOTTABAD

REGISTRATION FORM FOR CLASS: ________ BOARD SCHOOL/COLLEGE CODE: ____________ GENDER: ______

INSTITUTION NAME: ______________________________________________

| ENROLLMENT/ REGISTRATION NO | NAME | FATHER NAME | DOB | GROUP | OPTIONAL SUBJECT | PREVIOUS ROLL NO/SESS/YEAR | PHOTO SIZE: 1x0.85 |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |
| | | | | | | | |

NAME/SIGNATURE OFFICE SEAL

______________________

PHONE NO______________

TO BE ATTACHED

1. ORIGINAL MIGRATION CERTIFICATE (2). COPY OF DMC (3) AWR COPY ATTESTED
(4) COVERING LETTER (5) BANK RECEIPT

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سکینڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد

## ہدایات برائے انرولمنٹ 9th کلاس 2023-2024

1۔انرولمنٹ فارم کے پرنٹ لینے کے بعد تمام ڈیٹا اچھی طرح دوبارہ سے داخلہ خارج رجسٹر کے ساتھ چیک کرنے کے بعد پرنسپل سے تصدیق کرالیں اور پرنٹڈ انرولمنٹ فارم پر قلم وغیرہ سے کسی قسم کی ترمیم نہ کریں۔بصورت دیگر فی درستگی مقررہ فیس جمع کرانی ہوگی۔

2۔تصویر کی سائز "1"x1 (انچ) رکھیں۔تصویر معیاری اور نیلے بیک گراؤنڈ میں بنائیں۔انرولمنٹ نمبر اور سیریل ایک ہی ہونے چاہیے۔اگر انرولمنٹ نمبر کسی وجہ سے ڈیلیٹ کرلیں تو آخری صفحے سے مزید انرولمنٹ نمبر ڈیلیٹ کر کے دوبارہ انٹری کرلیں تاکہ سیریل نمبر ٹھیک ہوں۔

جماعت نہم انٹرولمنٹ فارم (Landscape) اور A4 سائز (سفید) کاغذ پر پرنٹ کریں۔ **جبکہ انٹرمیڈیٹ (گیارہویں جماعت) کی پرنٹ Light Blue کاغذ پر پرنٹ کریں۔**

3۔پرائیویٹ سکولز بچوں اور بچیوں کی فیس الگ الگ رسید پر جمع کرائیں۔انرولمنٹ فارم اور فیس (اصل بینک رسید) رجسٹریشن سیکشن میں مقررہ تاریخ تک جمع نہ کرنے کی صورت میں لیٹ فیس عائد ہوگی۔

4۔ایسے طلباء جو سال پچھلے آخری تین سال میں مکمل فیل ہوئے ہیں (یا ان کو انرولمنٹ/رجسٹریشن نمبر الاٹ ہوگیا ہو) وہ جماعت نہم میں صرف ایک مرتبہ ریگولر داخلے کے اہل ہیں بشرطیکہ انھوں نے اس کے بعد ایبٹ آباد بورڈ سے یا کسی دوسرے بورڈ سے کوئی امتحان نہ دیا ہو اگر ایسے طلباء و طالبات کسی دوسرے سکول سے آئے ہیں تو ان کو لوکل مائیگریشن کے بغیر داخلہ نہ دیں نیز ان کی نئی انرولمنٹ نہ کریں بلکہ ان کا پرانا انرولمنٹ نمبر برقرار رہے گا۔کیونکہ انرولمنٹ صرف ایک دفعہ ہوتی ہے۔

5۔جو طلباء و طالبات جماعت نہم میں داخلہ لے رہے ہیں یا جماعت نہم میں مکمل فیل ہیں اور دوبارہ داخلہ لے رہے ہیں اور مضمون/گروپ تبدیل کرنا چاہتے ہیں وہ پرنسپل سے تصدیق شدہ درخواست / ڈی ایم سی کی فوٹو کاپی بمع مضمون/گروپ تبدیلی فیس -/Rs1000 رجسٹریشن سیکشن میں جمع کرائیں۔

6۔جماعت نہم کے پاس یا پروموٹ طلباء و طالبات جماعت نہم میں دوبارہ داخلے کے اہل نہیں ہیں۔

7۔دوسرے بورڈز سے آئے ہوئے طلباء و طالبات کو اصل مائیگریشن کے بغیر داخلہ اور (آن لائن رجسٹریشن) کسی صورت نہ کریں۔ایسے طلباء و طالبات اصل مائیگریشن اور ڈی ایم سی کی کاپی فراہمی کے بعد مقررہ تاریخ تک ایبٹ آباد بورڈ سے رجسٹریشن کرانا لازمی ہے۔مائیگریشن یعنی دوسرے بورڈ سے آئے ہوئے طلباء کی انٹری سب سے آخر میں علیحدہ پیج پر پرنٹ کریں۔

8۔نام، ولدیت، تاریخ پیدائش، فوٹو یا مضمون میں درستگی کیلئے درجہ ذیل کاغذ لگائیں۔(کورنگ لیٹر، داخلہ خارج رجسٹر، انرولمنٹ/رجسٹریشن لسٹ اور DMC کی مصدقہ فوٹو کاپی)

9۔بورڈ میں رجسٹریشن/انرولمنٹ لسٹ جمع کرانے کے بعد نام، مضمون یا دیگر کوئی بھی درستگی کرنی ہو تو متعلقہ فیس -/Rs1000 الائیڈ بینک میں جمع کرکے اوریجنل رسید لگائیں۔

10۔انرولمنٹ فارم/رجسٹریشن لسٹ جمع کرنے کیلئے سکول کے متعلقہ بندے (یعنی جو بندہ کمپیوٹر کو سمجھتا ہو) بورڈ آفس میں فائل جمع کرنے کیلئے بھیجیں تاکہ اگر کاغذات پر اعتراضات ہوں تو کلیئر ہو سکے۔

رجسٹریشن سیکشن رابطہ نمبر 0992-392727 (0992-392014-212)

# بورڈ آف انٹرمیڈیٹ اینڈ سیکنڈری ایجوکیشن ایبٹ آباد

## ہدایات برائے ONLINE رجسٹریشن گیارہویں جماعت FIRST YEAR

1۔ جماعت گیارہویں رجسٹریشن فارم (Landscape) اور A4 سائز (Light Blue) کاغذ پر پرنٹ کریں۔ رجسٹریشن نمبر اور سیریل ایک ہی ہونے چاہیے۔ اگر رجسٹریشن نمبر کسی وجہ سے ڈیلیٹ کرلیں تو آخری صفحے سے مزید رجسٹریشن نمبر ڈیلیٹ کرکے دوبارہ انٹری کرلیں تاکہ سیریل نمبر اور رجسٹریشن نمبر (برابر) ٹھیک ہوں۔

2۔ تصویر کی سائز "1x"1 (انچ) رکھیں۔ تصویر معیاری اور صاف (نیلے بیک گراؤنڈ) میں بنائیں۔ فوٹوز کے ساتھ شولڈر یعنی کندھے کا ہونا ضروری ہے۔

3۔ جن طلباء نے کسی دوسرے بورڈ سے میٹرک امتحان پاس کیا ہو ان کی آن لائن رجسٹریشن (اصل مائیگریشن سرٹیفکیٹ) کے بغیر کسی صورت نہ کریں۔ اصل مائیگریشن کے بغیر بورڈ آفس رجسٹریشن فارم قبول نہیں کریگا۔ مائیگریشن سٹوڈنٹس جس گروپ کے بھی ہوں تمام گروپس کے بعد سب سے آخر میں علیحدہ (Page) پر انٹری کریں۔ (رجسٹریشن فائل کے ساتھ اصل مائیگریشن اور اسکی ڈی ایم سی کی فوٹو کاپی کے اوپر موجودہ رجسٹریشن نمبر جو انٹری کیا ہے وہ نمبر لکھ کر بورڈ آفس میں جمع کریں۔ DSS سکول/کالج پہلے لڑکوں کی انٹری کریں پھر لڑکیوں کی انٹری شروع کریں۔

4۔ رجسٹریشن Gender wise (یعنی پہلے لڑکوں کی انٹری اور پھر لڑکیوں کی انٹری شروع کریں) اور Group wise کریں۔
رجسٹریشن درج ذیل ترتیب سے کریں۔ پری میڈیکل، پری انجینئرنگ، آرٹس اور جنرل/کمپیوٹر سائنس۔ آرٹس میں ایک سے زیادہ گروپس ہونے کی صورت میں ایک گروپ کی انٹری مکمل کرنے کے بعد دوسرے گروپ کی انٹری کریں۔ (دوسرے بورڈز سے مائیگریشن اگر ابھی تک نہیں ہوئی تو اسکی آن لائن انٹری نہ کریں بلکہ نارمل فیس کے ساتھ اپنی باقی فائل جمع کرلیں دوسرے بورڈز سے مائیگریشن والے کیس بعد میں لیٹ فیس کے ساتھ جمع کریں)

5۔ جن بچوں نے میٹرک میں بیالوجی نہ پڑھی ہو وہ پری میڈیکل گروپ میں داخلہ کے اہل نہیں ہیں۔

6۔ پرائیویٹ سکولز بچوں اور بچیوں کی فیس الگ الگ رسید پر جمع کروائیں۔ دونوں کی فیس ایک ہی رسید پر قابل قبول نہیں ہے۔

7۔ جو طلباء و طالبات گیارہویں جماعت میں مکمل فیل ہوئے ہوں لیکن دوبارہ داخلہ نہ لیا ہو ان کو گیارہویں جماعت میں ریگولر داخلہ دیا جا سکتا ہے مگر یہ داخلہ (Re-admission) صرف ایک دفعہ ہی ممکن ہے۔ ایسے طلباء اگر کسی دوسرے ادارے سے آکر داخلہ لیں تو اُن کو لوکل مائیگریشن کے بغیر داخلہ نہ دیں نیز ایسے طلباء کی دوبارہ رجسٹریشن کی ضرورت نہیں ہے بلکہ ان کا پرانا رجسٹریشن نمبر ہی بحال رہے گا۔ اگر ایسے طلباء و طالبات اپنا گروپ یا مضمون تبدیل کرنا چاہتے ہیں تو پرنسپل سے دستخط شدہ درخواست بمع =/Rs.1000 کی بنک رسید مقررہ تاریخ تک رجسٹریشن سیکشن میں جمع کرائیں۔

8۔ وہ طلباء جو فرسٹ ایئر پاس کرچکے ہوں یا پروموٹ ہو چکے ہوں دوبارہ فرسٹ ایئر میں داخلہ نہیں لے سکتے۔

9۔ غیر مسلم طلباء (Ethics) کی جگہ اسلامیات لازمی کا مضمون بھی رکھ سکتے ہیں۔ اسی طرح بیرونِ ملک سے آنے والے طلباء پاکستانی کلچر اور (اردو لازمی) دونوں میں سے کوئی ایک مضمون رکھ سکتے ہیں۔

10۔ فرسٹ ایئر میں داخلہ کے لیے عمر کی زیادہ سے زیادہ حد 19 سال ہے البتہ جن طلباء کی عمر 19 سال سے 25 سال کے درمیان ہو وہ عمر میں رعایت کے لیے اپنے پرنسپل کے ذریعے درخواست دے سکتے ہیں۔

11۔ سرکاری سکولز/ کالجز کے طلباء کی عمر میں رعایت کی درخواست بذریعہ پرنسپل ڈائریکٹر سکولز/ کالجز کو دیں گے۔ پرائیویٹ سکولز/ کالجز عمر میں رعایت کے لیے چیئرمین ایبٹ آباد بورڈ کے نام درخواست دیں۔

12۔ جو طلباء IBCC کے (Equivalance Certificate) کی بنیاد پر داخلہ لیتے ہیں اصل سرٹیفکیٹ رجسٹریشن کے وقت دکھانا ضروری ہے۔

13۔ انرولمنٹ فارم/ رجسٹریشن لسٹ جمع کرنے کیلئے آخری تاریخ سے دو دن پہلے ہی سکول کے متعلقہ بندے (یعنی جو بندہ کمپیوٹر کو سمجھتا ہو) بورڈ آفس میں فائل جمع کرنے کیلئے بھیجیں تاکہ اگر کاغذات پر اعتراضات ہوں تو کلیئر ہو سکے۔ ایک دفعہ اگر رجسٹریشن فائل جمع کرلیں تو دوسرے طلباء جو لیٹ داخل ہوئے ہیں انکا رجسٹریشن (نارمل) یعنی آخری تاریخ کے بعد لیٹ فیس کے ساتھ جمع کریں۔ رجسٹریشن لسٹ ڈاکخانے کے ذریعے نہ بھیجیں بلکہ بورڈ آفس خود آکر جمع کریں۔

آن لائن رجسٹریشن کے متعلق راہنمائی کے لیے فون نمبر 0992-392727 (0992-392014-212) پر رابطہ کریں۔